2) خوفِ خدا: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ کے بندو میں تمہیں اللہ سے ڈرنے کی تاکید کرتا ہوں۔
3) آخری ملاقات: اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی لوگوں کے ساتھ آخری ملاقات تھی۔
4) عقیدہ آخرت: دیکھو عنقریب خدا کے سامنے حاضر ہونا ہے اور وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں سوال فرمائے گا۔

سوال52: قرآن مجید کے بعد کسی اور کتاب کے نزول کی گنجائش کیوں نہیں ہے؟

جواب: قرآن مجید ایک جامع کتاب ہے جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہے اور یہ رہنمائی کسی خاص قوم، علاقے یا وقت کے لیے نہیں ہے بلکہ قیامت تک کی تمام دنیائے انسانیت کے لیے ہے۔ یہ آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔ یہ محفوظ کتاب ہے اور تحریف اور غلطیوں سے پاک ہے۔ جبکہ سابقہ آسمانی کتابوں میں یہ خوبیاں نہیں تھیں۔ اس لیے اس کے بعد کسی اور کتاب کے نزول کی گنجائش نہیں ہے۔

سوال53: مسلیمہ کذاب کے خلاف جنگ کیوں ہوئی؟

جواب: مسلیمہ کذاب نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا اس لئے حضور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور میں مسلیمہ کذاب کے خلاف جنگ ہوئی۔

سوال54: مسلیمہ کذاب کون تھا؟ اور اس کے خلاف جنگ کس خلیفہ کے عہد میں ہوئی؟

جواب: مسلیمہ کذاب جھوٹی نبوت کا دعویٰ کرنے والا تھا اور اس کے خلاف خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں یمامہ کے مقام پر جنگ ہوئی۔

سوال55: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کے حوالے سے امت کو کیا وصیت فرمائی؟

جواب: خطبہ حجتہ الوداع کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید اور سنت کے بارے میں خصوصی وصیت کرتے ہوئے فرمایا۔ ترجمہ: میں تم

www.pakcity.org

میں دو چیزیں چھوڑے جارہاہوں۔ جب تک ان کو تھامے رکھوگے میرے بعد کبھی گم راہ نہ ہوگے۔ ایک قرآن اور دوسری میری سنت۔ (مشکوۃ)

سوال 56: کون سے خلیفہ راشد تلاوت قرآن سن کر ایمان لائے؟

جواب: خلیفہ دوم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تلاوت قرآن سن کر ایمان لائے۔ ایمان لانے سے قبل حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام کے سخت دشمن تھے اور نعوذ باللہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے ارادے سے نکلے تھے مگر تلاوتِ قرآن سن کر زندگی میں تبدیلی آئی اور دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔

سوال 57: آیت کے لغوی معنی و مفہوم تحریر کریں۔

جواب: آیت کا لغوی معنی " نشانی " کے ہے۔ اس کی جمع آیات ہے۔ قرآن مجید کا ایک مخصوص جملہ آیت کہلاتا ہے۔ گویا ہر آیت اللہ تعالیٰ کے کسی ابدی قانون کے لیے ایک نشانی کا درجہ رکھتی ہے۔

سوال 58: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کی عظمت کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا : "اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ذریعے کتنی ہی قوموں کو بلندی بخشے گا اور کتنوں کو پست کرے گا۔"

سوال 59: خطبہ حجۃ الوداع کے چار اہم نکات بیان کریں

جواب:
1) اُخوّت کا درس: تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔
2) انسانی عزت و وقار: تمھارا خون، تمھارا مال اور تمھاری عزت و آبرو قیامت تک اسی طرح محترم ہے جس طرح یہ جگہ (عرفات)، یہ مہینا (ذوالحج) اور یہ شہر (مکہ مکرمہ) محترم ہے۔
3) امتیازات کا خاتمہ: تمھارے غلام تمھارے بھائی ہیں اللہ تعالیٰ نے انھیں تمھارا ماتحت بنایا ہے۔ جو خود کھاؤ وہی انھیں کھلاؤ، جو خود پہنو وہی اُنھیں پہناؤ اور اُن کی طاقت سے زائد اُن پر بوجھ نہ ڈالو۔
4) مساوات کی تلقین: لوگو تمھارا رب ایک ہے۔ تمھارا باپ ایک ہے۔ کسی عربی کو بھی پر کسی عجمی کو عربی پر کسی گورے کو کالے پر کسی کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں سوائے تقویٰ کے۔

سوال 60: قرآن پاک سنتے وقت صحابہ کی کیا کیفیت ہوتی تھی؟

جواب: صحابہ نہ چیختے تھے اور نہ تکلفات سے کام لے کر کسی مصنوعی کیفیت کا مظاہرہ کرتے تھے بلکہ وہ دو ثبات و سکون، ادب و خشیت میں اس قدر ممتاز تھے کہ ان صفات میں کوئی ان کی برابری نہ کر سکا۔

سوال 61: تدوین قرآن کے حوالے سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمات بیان کریں۔

جواب: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں قرآن کے پڑھنے میں اختلاف ہوا تو آپؓ نے سیدہ حفصہ سے قرآنی نسخہ منگوا کر اس کی کاپیاں کروا کر اصل نسخہ انہیں واپس کر دیا اور تیار شدہ نسخہ کی کاپیاں اپنی ریاست کے تمام گورنروں کو بھجوا دیں اور حکم جاری کر دیا کہ آج کے بعد اسی نسخہ کے مطابق قرآن کریم کو پڑھا اور سکھایا جائے

سوال 62: سورت سے کیا مراد ہے؟

جواب: سورت کا مطلب " بلندی / واضح علامت " کے ہیں۔ چند آیات (کم سے کم تین) کا مجموعہ سورت کہلاتی ہے۔ قرآن مجید میں 114 سورتیں ہیں۔ ترتیب توقیفی کے لحاظ سے پہلی سورۃ الفاتحہ اور آخری سورۃ الناس ہے۔

سوال 63: مکی سورتوں میں زیادہ ترکیسی تعلیمات دی گئی ہیں؟

جواب: مکی سورتوں میں زیادہ تر بنیادی عقائد مثلاً توحید و رسالت اور آخرت کے مضامین شامل ہیں۔ جنت و دوزخ کا بیان ہے۔ مشکلات و مصائب پر صبر کرنے کی تلقین ہے۔ کفار کے باطل عقائد کا رد کیا گیا ہے۔ نافرمانی پر سابقہ قوموں پر عذاب کے واقعات کا ذکر ہے

www.pakcity.org

سوال 64: مدنی سورتوں میں زیادہ تر کیسی تعلیمات ہیں؟

جواب: مدنی سورتوں میں زیادہ تر معاشرے کی تشکیل اور حکومت سازی سے متعلقہ تعلیمات ہیں۔ مثلاً معاشرتی، معاشی، سیاسی مسائل اور ان کا حل، راہ خدا میں مال خرچ کرنے کی فضیلت، عدل واحسان، تجارت اور لین دین کے احکامات، جہاد اور عبادات کی فرضیت کے احکام نازل ہوئے۔

سوال 65: مکی اور مدنی سورتوں میں کیا فرق ہے؟

pakcity.org

جواب: مکی اور مدنی سورتوں میں یوں فرق کیا جاسکتا ہے:

| مکی سورتیں | مدنی سورتیں |
|---|---|
| ❖ مکی سورتوں سے مراد وہ سورتیں ہیں جو ہجرتِ مدینہ سے پہلے نازل ہوئیں۔ | ❖ مدنی سورتیں وہ جو ہجرتِ مدینہ کے بعد نازل ہوئیں۔ |
| ❖ مکی سورتوں کے نزول کا عرصہ 13 سال ہے۔ | ❖ مدنی سورتوں کے نزول کا عرصہ 10 سال ہے۔ |
| ❖ مکی سورتوں کی تعداد 87 ہے۔ | ❖ مدنی سورتوں کی تعداد 27 ہے۔ |
| ❖ مکی سورتوں میں زیادہ تر بنیادی عقائد اور گزشتہ اقوام کے قصے بیان کیے گئے ہیں۔ | ❖ مدنی سورتوں میں زیادہ تر عبادات، احکامات اور حدود بیان کی گئی ہیں۔ |

سوال 66: درج ذیل شعر کی تشریح کریں اور شاعر کا نام لکھیں۔

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

www.pakcity.org

جواب: شاعر کا نام: علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

تشریح: اس شعر میں علامہ اقبال نے مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد سبب قرآن سے علیحدگی کو قرار دیا ہے حقیقت یہ ہے کہ آج بھی مسلمان مل کر قرآن کی راہ پر چلیں تو وہ پہلی عزت وشرافت یقیناً آج بھی حاصل کر سکیں گے۔

سوال 67: علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی نظم " جواب شکوہ " میں مسلمانوں کی ذلت وخواری کی کیا وجہ بتائی ہے؟

جواب: علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اُمت مسلمہ کی موجودہ ذلت وخواری کا واحد سبب علم و عمل اور قرآنی تعلیمات سے دوری بتایا ہے۔ آج اگر مسلمان ان سے اپنا رابطہ جوڑلیں تو کوئی وجہ نہیں کہ عزّت وشرف حاصل نہ ہو جو ماضی میں ان کا خاصہ رہا ہے۔ بقول اقبال:

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

pakcity.org

سوال 68: کس صحابی نے تدوین قرآن کا ابتدائی حکم دیا تھا؟

جواب: حضرت عمر فاروق کے مشورے سے حضرت ابو بکر صدیق نے تدوین قرآن کا ابتدائی حکم دیا۔

سوال 69: صلصلتہ الجرس سے کیا مراد ہے؟

جواب: یہ وحی کی ایک صورت ہے جس کا معنی گھنٹی کی آواز کے ہیں۔ دوران آواز ہی وحی کا نزول ہو جاتا۔ یہ وحی کی سب سے بھاری قسم تھی کہ سردیوں کے موسم میں بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم پسینے سے شرابور ہو جاتے تھے۔

سوال 70: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور ان کے والد کا کیا پیشہ تھا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور ان کے والد گلہ بان تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے باپ کی بکریاں چرایا کرتے تھے۔

سوال 71: فترۃ الوحی سے کیا مراد ہے؟

جواب: سورۃ علق کی پہلی پانچ آیات کے نزول کے بعد کچھ عرصہ تک وحی نازل نہ ہوئی۔ وحی کے اس وقفہ کو " فترۃ الوحی " کہتے ہیں اور یہ وقفہ چھ ماہ سے ایک


Please visit for more data at: www.pakcity.org

سال کا ہے۔

سوال72: اسلام کا پہلا اور آخری غزوہ کون سا ہے؟

جواب: " غزوہ بدر " اسلام کا پہلا غزوہ اور آخری غزوہ " غزوہ تبوک "ہے۔ غزوہ بدر کفار مکہ جب کہ غزوہ تبوک روم کے عیسائیوں کے خلاف لڑا گیا۔

سوال73: تلاوتِ قرآن مجید کے وقت ایک مومن کی کیا کیفیت ہوتی ہے؟

جواب: تلاوتِ قرآن مجید کے وقت ایک مومن اپنے دل میں عجب کیفیت محسوس کرتا ہے جو در اصل ایمانی کیفیت ہے۔ وہ اپنے دل میں سکون اور اطمینان محسوس کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق پختہ ہوتا ہے اور رحمتِ الٰہی کے نزول کا احساس ہوتا ہے۔

سوال74: جنگ یمامہ کب، کس کے خلاف اور کس کے عہد خلافت میں لڑی گئی؟

جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد مسیلمہ کذاب نے جھوٹی نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ اس کی سرکوبی کے لیے حضرت ابو بکر صدیق ؓ کے دور خلافت میں یمامہ کے مقام پر جنگ لڑی گئی۔ جسے جنگ یمامہ کہتے ہیں۔ یہ 12 ہجری میں لڑی گئی۔

سوال75: امام ابن کثیر نے تلاوت قرآن کے دوران صحابہ کرام کی کیا کیفیت بیان کی ہے؟

جواب: امام ابن کثیر اللہ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ ترجمہ: وہ (صحابہ) نہ چیختے تھے اور نہ تکلفات سے کام لے کر کسی مصنوعی کیفیت کا مظاہرہ کرتے تھے بلکہ وہ ثبات و سکون، ادب و خشیت میں اس قدر ممتاز تھے کہ ان صفات میں ان کی کوئی برابری نہ کر سکا۔

سوال76: دور نبوی میں قرآن حکیم کس چیز پر لکھا جاتا تھا؟ چار چیزوں کے نام لکھیں۔

جواب: دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں قرآن حکیم پتھر کی سلوں، کھجور کے پتوں، اونٹ کے شانہ کی ہڈی وغیرہ پر لکھا جاتا تھا۔

سوال77: آخری وحی کب نازل ہوئی نیز آخری وحی کا ترجمہ لکھیں۔

جواب: آخری وحی 9 ذی الحجہ 10 ہجری میدان عرفات میں خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی۔ ترجمہ: " آج کے دن میں نے تمہارا دین تمھارے لیے مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمتیں تمام کر دیں اور اسلام کو تمھارے لیے بطور دین پسند کر لیا۔ (المائدہ 3)

سوال78: سورہ نساء کی اس آیت کا ترجمہ لکھیں جسے سن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں اشک بار ہو گئیں۔

جواب: ترجمہ: پھر کیا حال ہو گا جب ہم ہر امت میں سے احوال کہنے والا (نبی) بلائیں گے اور (اے نبی ﷺ) آپ کو ان تمام لوگوں پر گواہ (احوال سنانے والا) لائیں گے۔

سوال79: قرآن پاک ایک زندہ زبان والی کتاب ہے۔ وضاحت کریں۔

جواب: سابقہ آسمانی کتابیں عبرانی زبان میں تھیں جو اس دور میں نہ لکھی جاتی ہیں نہ پڑھی جاتی ہیں گویا یہ زبان مفقود ہو چکی ہے۔ اس کے برعکس قرآن مجید دنیا کی انتہائی ترقی یافتہ اور وسیع زبان عربی میں نازل ہوا۔ یہ دنیا کی سب سے جامع زبان ہے۔ جو قیامت تک اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس دنیا میں زندہ جاوید رہے گی۔ اس وقت تقریباً 25 سے زائد ممالک کی سرکاری زبان عربی ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

إِنَّا أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (یوسف 2)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں اتارا تاکہ تم سمجھ سکوں۔

سوال80: حضور اکرم ﷺ ان کے والد اور والدہ کا نام لکھیے۔

جواب: حضور اکرم ﷺ کے والد ماجد کا نام حضرت عبد اللہ اور والدہ ماجدہ کا نام حضرت آمنہ

سوال81: قرآن حکیم میں کسی نبی کا سب سے زیادہ ذکر آیا ہے؟

جواب: قرآن حکیم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر سب سے زیادہ آیا ہے


Please visit for more data at: www.pakcity.org

سوال82: سب سے پہلی اسلامی سلطنت کی بنیاد کس شہر میں پڑی؟

جواب: پہلی اسلامی ریاست کی بنیاد مدینہ منورہ میں پڑی اور مواخاتِ مدینہ اور میثاقِ مدینہ اس اسلامی ریاست کے تحریری دستور تھے۔

سوال83: عہد ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ میں تیار شدہ قرآنی نسخہ دورِ عثمانی رضی اللہ تعالی عنہ میں کس کے پاس تھا؟

جواب: عہد ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں تیار شدہ قرآنی نسخہ دورِ عثمانی رضی اللہ تعالی عنہ میں اُم المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس محفوظ تھا۔

سوال84: ہجرت مدینہ کے وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ہجرت مدینہ کے وقت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک 53 سال تھی۔

سوال85: قرآن مجید کی تاثیر کے حوالے سے آیت کا ترجمہ تحریر کریں۔

جواب: ترجمہ: اگر ہم یہ قرآن ایک پہاڑ پر اتارتے تو وہ اللہ تعالی کے ڈر سے دب جاتا اور پھٹ (کر ریزہ ریزہ ہو) جاتا۔

سوال86: قرآن حکیم کی کتابی صورت کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی اور اس کا مشورہ کس نے دیا؟

جواب: جنگِ یمامہ (12 ہجری) میں کثیر حفاظ کی شہادت کی وجہ سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مشورہ دیا کہ کہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شہادت کی وجہ سے قرآن مجید کو محفوظ کرنے کا زبانی ذریعہ کمزور نہ پڑ جائے۔ اس لیے اسے کتابی شکل میں محفوظ کر لیا جائے۔

سوال87: جمع و تدوین قرآن کا کام سب سے پہلے کس خلیفہ کے دور میں شروع ہوا؟

جواب: خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جمع و تدوین قرآن کا کام سب سے پہلے شروع ہوا۔

سوال88: مکہ اور مدینہ میں نزول قرآن کا عرصہ لکھیے۔

جواب: مکہ میں تقریباً 13 سال (12 سال 5 ماہ 13 دن)، مدینہ میں 10 سال (9 سال 9 ماہ 9 دن)، کل تقریباً 23 سال (22 سال 2 ماہ 22 دن)۔

سوال89: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر قرآن کی کتنی سورتیں ہیں؟

جواب: قرآن مجید میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر ایک سورت ہے۔ "سورۃ محمد"

سوال90: حدیث کے لغوی اور اصلاحی معنی بیان کریں۔ یا حدیث سے کیا مراد ہے؟ یا تعارفِ حدیث پر چار لائنیں لکھیے

جواب: حدیث کے لغوی معنی بات چیت کرنا، گفتگو کرنا، دین کی اصطلاح میں آپ ﷺ کے قول، فعل اور تقریر کو حدیث کہا جاتا ہے۔ اسی طرح جو چیزیں نبی کریم ﷺ کے سامنے ہوتی اور آپ ان کو دیکھ کر یا سن کر خاموش رہتے تو اسے بھی دین کا حصہ سمجھا جاتا تھا اسے تقریری حدیث بھی کہا جاتا ہے۔

سوال91: حدیث کی اقسام لکھیے۔

جواب: حدیث کی اقسام درج ذیل ہیں:

1. حدیث قولی 2. حدیث عملی 3. حدیث تقریری۔ ان کے علاوہ ایک قسم "حدیث قدسی" بھی ہے۔

سوال92: حدیث مبارکہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ یا حدیث کی دینی حیثیت پر کسی ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔

جواب: حدیث کا درجہ قرآن کے بعد دوسرا ہے۔ قرآن کو حدیث کے بغیر سمجھا جا سکتا ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

" جس نے رسول ﷺ کی اطاعت کی اس نے در حقیقت اللہ ہی کی اطاعت کی۔" (النساء : 80)

سوال93: حدیث تقریری کی تعریف کریں۔


Please visit for more data at: www.pakcity.org

جواب: ایسا کام جو حضور کے سامنے کسی صحابی نے کیا ہو یا کوئی بات کہی ہو اور آپ ﷺ نے اس کام یا بات کو برقرار رکھا اور اسے منع نہ کیا ہو۔ ایسی حدیث کو تقریری حدیث کہتے ہیں۔

سوال94: حدیث کی دینی حیثیت پر مختصر نوٹ لکھیں۔

جواب: حدیث شریف کا دین میں کیا درجہ ہے؟اس کو ذہن نشین کرنے کے لئے حضرت محمد کی حسب ذیل حیثیات کو پیشِ نظر رکھنا چاہئے جن کو قرآن پاک نے نہایت صراحت سے بیان کیا ہے۔

1) آپ ﷺ کی ذات قدسی صفات میں ہر مومن کے لیے اسوہ حسنہ ہے۔
2) آپ ﷺ کی اتباع سب پر فرض ہے۔
3) ہدایت آپ ﷺ کی اطاعت سے وابستہ ہے۔

سوال95: حدیثِ قُدسی سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی حدیث یا روایت جس میں حدیث کے الفاظ کی نسبت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بجائے اللہ تعالی کی طرف ہو، اسے حدیث قدسی کہتے ہیں۔

سوال96: تدوین حدیث کا آغاز کب ہوا؟

جواب: تدوین حدیث کا آغاز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے ہی شروع ہو گیا تھا۔

سوال97: حفاظتِ حدیث کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان لکھیے۔

جواب: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

" اللہ تعالی اس شخص کو خوش و خرم رکھے جس نے میری حدیث کو سنا۔ پھر اس کو یاد کیا پھر اسی طرح آپ نے آگے پہنچایا جس طرح کہ سنا تھا۔"

سوال98: ضعیف حدیث سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی حدیث جس کے متن یا سند میں کوئی کمی پائی جائے یعنی سند میں راویوں کا تسلسل موجود نہ ہو یا متن کے الفاظ محدثین کے نزدیک غیر معروف ہوں، ضعیف حدیث کہلاتی ہے۔

سوال99: حدیث اور سنت میں کیا فرق ہے؟

جواب: حدیث اور سنت کے درمیان یوں فرق کیا جا سکتا ہے:

| حدیث | سنت |
|---|---|
| ❖ حدیث کے لفظی معنی بات چیت کرنے کے ہیں۔ | ❖ سنت کے لفظی معنی طریقہ کے ہیں۔ |
| ❖ حدیث سے مراد آپ ﷺ کے اقوال، فعال، تقریرات مغازی اور اخلاق جلیلہ ہیں۔ | ❖ سنت سے مراد آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے طور و طریقے ہیں۔ |
| ❖ حدیث میں آپ ﷺ کی صرف بعثت کے بعد کی زندگی شامل کی جاتی ہے۔ | ❖ سنت میں آپ کی بعثت سے قبل کے احوال بھی شامل کیے جاتے ہیں۔ |

سوال100: روایت اور درایت سے کیا مراد ہے؟

جواب: روایت اور درایت سے مراد:

| روایت | درایت |
|---|---|
| ❖ روایت حدیث کی سند کے جانچنے کے اصول کو کہتے ہیں۔ | ❖ درایت، حدیث کے متن کے جانچنے کے اصول کو کہتے ہیں۔ |


Please visit for more data at: www.pakcity.org

سوال 101: متن اور سند سے کیا مراد ہے؟

جواب: متن اور سند سے کیا مراد:

| متن ( Text ) | سند ( Reference ) |
|---|---|
| ❖ بیان شدہ الفاظ کو متن کہتے ہیں۔ | ❖ حدیث بیان کرنے والے راویوں کے سلسلے کو سند کہتے ہیں۔ |

سوال 102: موضوع روایت سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ الفاظ جو کذب بیانی سے رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب کر دیے جائیں لیکن حقیقتاً حضور اکرم ﷺ کے الفاظ نہ ہوں۔ انھیں موضوع یا من گھڑت روایت کہتے ہیں۔ ایک حدیث کا مفہوم ہے: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ترجمہ: جس نے جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کی وہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں سمجھے۔ (بخاری شریف)

سوال 103: اُصول اربعہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اہلِ تشیع (شیعہ حضرات) کے نزدیک حدیث کے مستند چار ذخائرِ حدیث کو اُصولِ اربعہ کہتے ہیں۔

سوال 104: دوسری صدی ہجری میں مرتب ہونے والی حدیث کی دو کتب کے نام مع مولفین لکھیے۔

جواب: دوسری صدی ہجری میں مرتب ہونے والی حدیث کی دو کتب کے نام مع مولفین مندرجہ ذیل ہیں:

1) موطا امام مالک حضرت امام مالک بن انس نے تالیف کی۔

2) الآثار امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت نے تالیف کی۔

سوال 105: تدوین حدیث سے کیا مراد ہے؟

جواب: تدوین کے لغوی معنی اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔ دین کی اصطلاح میں تدوین حدیث سے مراد احادیث کے بکھرے ہوئے مواد کو یکجا کر کے کتابی شکل میں لانا تدوینِ احادیث کہلاتا ہے۔

سوال 106: تدوینِ حدیث کے دوسرے دور کے محدثین کے نام لکھیں۔

جواب: امام زہری، امام شعبی، امام مکحول ، امام مالک بن انس ، امام ابو حنیفہ ، امام سفیان ثوری م ، تدوین حدیث کے دوسرے دور کے مشہور محدثین ہیں۔

سوال 107: حفاظتِ حدیث پر نوٹ لکھیں۔

جواب: حدیثِ نبوی شرعی احکامات کی تشریح اور قرآنی آیات کی تفسیر بیان کرتی ہے۔ اس میں اعتقادی اور عملی تفصیلات ہوتی ہیں۔ اس لئے صحابہ نے اپنے دور میں جیسے قرآن پاک کو یاد کرنے اور لکھنے کا اہتمام فرمایا ایسے ہی احادیث کو یاد کرنے اور لکھنے کا اہتمام فرمایا۔

سوال 108: اطاعتِ رسول ﷺ کے بارے میں آیت کا ترجمہ لکھیے۔

جواب: " اور تمہیں رسول جو کچھ دیں اسے لے لو اور جس سے منع کریں اُسے چھوڑ دو۔ "

سوال 109: حدیث کی مشہور کتب " صحاح ستہ " تدوین حدیث کے کس دور میں معرض وجود میں آئیں؟

جواب: تدوین حدیث کے تیسرے دور میں حدیث کی مشہور زمانہ کتب " صحاح ستہ " معرض وجود میں آئیں۔

سوال 110: مستشرقین کا حدیث کی تدوین کے حوالے سے کیا اعتراض تھا؟

جواب: مستشرقین نے جمع و تدوین حدیث کے حوالہ سے یہ اعتراض کیا تھا کہ احادیث کی تدوین دو سو سال بعد (دوسری صدی ہجری میں ) ہوئی۔ مگر ان کا یہ اعتراض بے بنیاد اور سراسر خبثِ باطن پر مبنی تھا کیونکہ روایات سے ثابت ہے کہ حدیث کی جمع و تدوین کا کام دورِ رسالت میں ہی شروع ہو گیا تھا۔


Please visit for more data at: www.pakcity.org

سوال111: تدوین حدیث کے کتنے ادوار ہیں؟ ان کا دورانیہ کیا ہے؟

جواب: تدوین حدیث کے تین ادوار ہیں:

1) پہلا دور زمانہ نبوت سے پہلی صدی ہجری تک کا ہے۔ یہ رسول کریم ﷺ اور صحابہ کرام کا دور ہے۔

2) دوسرا دور دوسری صدی ہجری کا دور ہے۔ یہ تابعین کا دور ہے۔

3) تیسرا دور تیسری صدی ہجری کا دور ہے۔ یہ تبع تابعین کا دور ہے۔

سوال112: صحاح ستہ سے کیا مراد ہے؟ کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: صحاح صحیح کی جمع ہے۔ ستّہ عربی زبان میں چھ (6) کو کہتے ہیں۔ احادیث مبارکہ کے مستند ترین چھ مجموعے "صحاح ستہ" کہلاتے ہیں۔ ان کے نام درج ذیل ہیں:

1. صحیح بخاری
2. صحیح مسلم
3. جامع الترمذی
4. سنن ابی داؤد
5. سنن النسائی
6. ابن ماجہ

سوال113: صحیحین سے کیا مراد ہے؟

جواب: حدیث کی دو مستند ترین اور جامع کتابیں صحیح بخاری اور صحیح مسلم اصطلاح حدیث میں صحیحین کہلاتی ہیں۔

سوال114: حدیث کی چھ مستند کتب کے نام لکھیے۔

جواب: حدیث کی چھ مستند کتب کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

1. صحیح بخاری
2. صحیح مسلم
3. جامع الترمذی
4. سنن ابی داؤد
5. سنن النسائی
6. ابن ماجہ

سوال115: احادیث کو یاد رکھنے کی فضیلت حدیث کی روشنی میں لکھیے۔

جواب: آپ نے فرمایا:

ترجمہ: اللہ تعالی اس شخص کو خوش و خرم رکھے جس نے میری حدیث کو نا پھر اس کو یاد کیا پھر اس طرح آگے پہنچایا جس طرح سنا تھا۔

(ترندی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

سوال116: سنت کا لغوی مفہوم کیا ہے؟

جواب: سنت عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا معنی راستہ طریقہ، عادت، دستور، رواج ہے۔

سوال117: کن دو شہروں میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مخطوطے محفوظ ہیں؟

جواب: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مخطوطے " برلن " اور " دمشق " میں محفوظ ہیں۔

سوال118: کن دو شہروں میں امام ہمام بن منبہ کے مخطوطے محفوظ ہیں؟

جواب: امام ہمام بن منبہ کے مخطوطے " برلن " اور " دمشق " میں محفوظ ہیں۔

سوال119: دوسری صدی ہجری میں تدوین حدیث کے کام کا دائرہ کار کیا تھا؟

جواب: دوسری صدی ہجری میں نہ صرف تدوین حدیث کا کام ہوا بلکہ اہل بیت، صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کے آثار و اقوال اور فتاویٰ تک الگ الگ کتابی شکل میں مرتّب و مدوّن کر لیے گئے۔


Please visit for more data at: www.pakcity.org

سوال120: فقہ جعفریہ کی مستند کتب حدیث کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: فقہ جعفریہ کی مستند کتب حدیث کو " اصول اربعہ " کہاں جاتا ہے۔

سوال121: اُمت کے لیے بہترین نمونہ کس کی زندگی ہے؟

جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی امت کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ

ترجمہ: تحقیق (اے لوگو) تمھارے لیے رسول اللہ (کی زندگی) میں بہترین نمونہ ہے۔

سوال122: مستشرقین سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب: مغربی علماء (یہود و نصاریٰ)، جو مشرقی علوم و ادیان بالخصوص اسلام پر تحقیق کرتے ہیں اور دین اسلام کی تعلیمات پر اعتراضات کرتے ہیں یا پھر ان کو مسخ کرتے ہیں اور مسلمانوں کے دلوں میں دین اسلام کے حوالے سے شکوک وشبہات پیدا کرتے ہیں، مستشرقین کہلاتے ہیں۔

سوال123: متفق علیہ کسی حدیث کو کہتے ہیں؟

جواب: وہ حدیث جو صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں موجود ہو متفق علیہ حدیث کہلاتی ہے۔

سوال124: دور رسالت ﷺ کے چند نوشتوں کے نام لکھیے۔

جواب: سلاطین کے نام دعوت اسلام کے خطوط، مکتوبات، معاہدات، مردم شماری کے کاغذات، امان نامے، میثاق مدینہ صلح نامہ حدیبی ﷺ کے نوشتوں (دستاویزات) میں شامل ہیں۔

سوال125: جرح وتعدیل سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ علم جس میں حدیث کی صحت وضعف اور موضوع ہونے کے اعتبار سے سند اور متن کا جائزہ لیا جائے اور اس کا نام مقرر کیا جائے جرح وتعدیل کہلاتا ہے۔

سوال126: فن اسماء الرجال سے کیا مراد ہے؟

جواب: راویان حدیث کے حالات زندگی اور کا علم فن اسماء الرجال کہلاتا ہے

سوال127: " صحیفہ علی " اور " صحیفہ صادقہ " کے مصنف کون تھے؟

جواب: صحیفہ علی کے مصنف حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں اور صحیفہ صادقہ کے مصنف حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص ہیں

سوال128: صحیفہ صادقہ کے مؤلف کا نام لکھیے۔ یا صحیفہ صادقہ کس کا مجموعہ حدیث ہے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحیفہ صادقہ کے مؤلف ہیں۔

سوال129: صحابہ کرامؓ کے تحریر کردہ دو صحب حدیث کے نام لکھیں۔

جواب: صحابہ کرام کا ایک صحیفہ " صادقہ " بہت مشہور ہے اور دوسرا صحیفہ حضرت علی کا مشہور ہے۔

سوال130: امام مالک کی حدیث کی کتاب کا نام کیا ہے؟

جواب: امام مالک کی کتاب کا نام " موطا " امام مالک ہے۔

سوال131: اُصول اربعہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اُصول اربعہ سے مراد اہل تشیع کی احادیث کی چار معتبر کتابیں ہیں۔ جن کے نام ہیں:

www.pakcity.org
pakcity.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. الکافی | 2. تہذیب الاحکام | 3. الاستبصار | 4. من الایحضر والفقیہ |

سوال132: فقہ جعفریہ کی کتابیں کونسی ہیں؟ اور اُن کے نام لکھیں۔

جواب:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. الکافی | 2. تہذیب الاحکام | 3. الاستبصار | 4. من الایحضر والفقیہ |

سوال133: امام سفیان ثوریؒ کے مجموعہ حدیث کا نام کیا ہے؟

جواب: امام سفیان ثوری کے مجموعہ حدیث کا نام "جامع" ہے۔

سوال134: حضرت ابوہریرہ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: حضرت ابوہریرہؓ کا اصل نام عبدالرحمن بن صخر تھا۔

سوال135: کس خلیفہ نے اور کب حدیثوں کو جمع کرنے کا حکم دیا؟

جواب: حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے 99 ہجری میں احادیث کو جمع کرنے کا سرکاری حکم نامہ جاری کیا۔

سوال136: امام احمد بن حنبلؒ سے منسوب حدیث کی کتاب کا نام لکھیے۔

جواب: امام احمد بن حنبلؒ سے منسوب حدیث کی کتاب کا نام مسند امام بن حنبل ہے۔ یہ حدیث کی سب سے ضخیم کتاب ہے اس میں 30 ہزار سے زائد احادیث ہیں۔

سوال137: فقہ جعفریہ کی دو کتابوں اور ان کے مولفین کے نام لکھیں۔

جواب: الکافی : امام ابو جعفر محمد بن یعقوب الکلینی رحمۃ اللہ علیہ

تہذیب الاحکام: ابو جعفر محمد بن الحسن الطّوسی

سوال138: حضرت عمر بن عبدالعزیز نے احادیث نبوی ﷺ کو جمع کرنے کا حکم کیوں دیا؟ یا

سرکاری طور پر کس خلیفہ نے تدوین حدیث کا حکم جاری کیا تھا؟ وجہ تحریر کریں۔

جواب: ابھی پہلی صدی ہجری ختم نہ ہونے پائی تھی کہ صحابہ کرام دنیا سے رخصت ہو رہے تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کو اندیشہ ہوا کہ ان حفاظ اہل علم صحابہ کے اٹھنے سے کہیں علوم حدیث نہ اٹھ جائیں چناچہ تمام ممالک کے علما کے نام فرمان بھیجا کہ احادیث نبویہ ﷺ تلاش کر کے لکھ لی جائیں۔

سوال139: حضور اکرم ﷺ کی طرف سے دعوت اسلام کے کون سے خطوط دریافت ہوئے؟

جواب: حضور اکرم ﷺ نے سات ہجری میں مختلف علاقوں کے سات حکمرانوں کے نام اسلام کی دعوتِ و تبلیغ پر مبنی خطوط لکھے تھے۔ انھیں اسلام قبول کرنے اور اللہ تعالی اور اپنا مطیع و فرماں بردار بنے کی دعوت دی۔ جدید تحقیق نے ان میں سے دو خطوط ڈھونڈ نکالے ہیں جن میں سے ایک شاہ حبشہ نجاشی اور دوسرا شاہ مصر مقوقس کے نام ہے۔

سوال140: حضور پاک ﷺ کے زمانہ مبارک میں صحابہ کرام کے تحریر کردہ حدیث کے دو صحیفوں کے نام لکھیں۔

جواب: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تحریر کردہ صحیفوں میں:

I. حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص کا صحیفہ " صدقہ " بہت مشہور ہے۔

II. حضرت علی کا صحیفہ جس میں بہت سے احکام و مسائل درج تھے۔

pakcity.org

سوال141: چند اولین مجموعہ ہائے احادیث کے نام لکھیے۔

جواب: چند اولین مجموعہ ہائے احادیث کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

صحیفہ ابوہریرہ ، صحیفہ صادقہ ، اور صحیفہ علیؓ

سوال142: صحیفہ صادقہ کا تعارف تحریر کریں۔

جواب: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص کا صحیفہ صادقہ بہت مشہور ہے۔ یہ صحیفہ احادیث نبوی پر مشتمل تھا۔ اور اس صحیفہ کا تاریخی ثبوت موجود ہے۔ اور یہ صحیفہ صادقہ حضرت عبداللہ بن عمرو العاص نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سامنے ہی تیار کیا تھا۔

سوال143: کن دو چیزوں کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن مجید) اور سنت نبوی (اسوہ رسول)۔

سوال144: ماں کی عظمت پر ایک حدیث کا مفہوم لکھیں۔

جواب: جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

سوال145: عدل اور احسان کی وضاحت کریں۔

جواب: عدل کے معنی انصاف کے ہیں یعنی کسی کو اس کا پورا حق ادا کرتا، اور احسان یہ ہے کہ کیسے اس کے حق سے بڑھ کر مروت اور نیکی کرنا جہاں لین دین کے معاملے میں انصاف کرنے کا حکم موجود ہے۔ وہاں سب عقائد، اخلاق اور اعمال کے معاملے میں بھی انصاف کا حکم دیا گیا ہے۔

سوال146: آیت کا ترجمہ لکھیں: وَمَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ

جواب: ترجمہ: جو کچھ تمہیں رسول اللہ ﷺ دیں اس کو لے لو۔

سوال147: ترجمہ کریں۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ

جواب: تم نیکی (کامل) کو نہیں پہنچ سکتے جب تک کہ تم اس میں سے خرچ نہ کرو جو تم محبوب رکھتے ہو۔

سوال148: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ (4مرتبہ)

جواب: بے شک اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے۔

سوال149: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (4مرتبہ)

جواب: اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو۔

سوال150: آیت کا ترجمہ کریں۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (5مرتبہ)

جواب: تمہارے لیے اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی میں بہترین نمونہ موجود ہے۔

سوال151: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ (2مرتبہ)

جواب: جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

سوال152: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ (6مرتبہ)

جواب: جس نے میانہ روی اختیار کی وہ محتاج نہیں ہو گا۔

سوال153: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ (8مرتبہ)


Please visit for more data at: www.pakcity.org

جواب: بے شک نماز روکتی ہے بے حیائی اور بُرے کاموں سے۔

سوال154: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ

جواب: بے شک اللہ حکم فرماتا ہے عدل کا اور احسان کا۔

سوال155: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا (3 مرتبہ)

جواب: اور جو دے تم کو رسول لے لو اور جس سے منع کرے اسے چھوڑ دو۔

سوال156: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ

جواب: بے شک آسمان اور زمین کا بنانا اور رات اور دن کا آنا جانا اس میں نشانیاں ہیں عقل والوں کے لئے۔

سوال157: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ

جواب: اے ایمان والو! تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیا گیا تھا۔

سوال158: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ لَا یَرْحَمُہُ اللّٰہُ مَنْ لَّا یَرْحَمُ النَّاسَ (5 مرتبہ)

جواب: اللہ تعالیٰ اُس پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

سوال159: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ (7 مرتبہ)

جواب: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔

سوال160: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ کُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُہٗ وَمَالُہٗ وَعِرْضُہٗ (7 مرتبہ)

جواب: ہر مسلمان کا سب کچھ دوسرے مسلمان پر حرام ہے، اس کا خون، اس کا مال اور اس کی عزت۔

سوال161: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ (3 مرتبہ)

جواب: بے شک مجھے اس لئے رسول بنا کر بھیجا گیا ہے تاکہ میں اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کروں۔

سوال162: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ

جواب: تم میں سے کوئی ایک اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہ چیز پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

سوال163: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اَلْمُؤْمِنُ اَخُو الْمُؤْمِنِ کَالْجَسَدِ الْوَاحِدِ اِنِ اشْتَکٰی شَیْئًا مِّنْہُ اَلَمَ ذٰلِكَ فِیْ سَائِرِ جَسَدِہٖ

جواب: ہر مومن دوسرے مومن کا بھائی ہے۔ جیسے ایک جسم، اگر اس جس کا کوئی حصہ بھی تکلیف میں مبتلا ہو تو وہ اپنے سارے جسم میں تکلیف محسوس کرے گا۔

سوال164: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا

جواب: "اور جو کوئی کہنے پر چلا اللہ کے اور اس کے رسول کے اس نے بڑی مراد پائی"۔

سوال165: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ وَلَا تَکْسِبُ کُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَیْھَا وَلَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزْرَ اُخْرٰی (5 مرتبہ)

جواب: اور جو کوئی گناہ کرتا ہے سو وہ اُس کے ذمہ ہے۔ اور بوجھ نہ اٹھائے گا ایک شخص دوسرے کا۔

سوال166: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ، وَاِنَّمَا لِکُلِّ امْرِئٍ مَّا نَوٰی

جواب: بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ اور بے شک انسان وہی کچھ پائے گا جو اُس کی نیت ہو گی۔

www.pakcity.org
pakcity.org


Please visit for more data at: www.pakcity.org

سوال167: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ مَنْ سَلَكَ طَرِيْقاً يَطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا سَلَكَ اللهُ بِهٖ طَرِيْقًا مِّنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ

جواب: جو شخص علم کی تلاش میں کسی راستے پر چلتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اسے جنت کے راستوں میں کسی راستہ پر لے جاتا ہے۔

سوال168: آیت کا ترجمہ لکھیں۔ اِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِىْ اِلَى الْبِرِّ وَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِىْ اِلَى الْفُجُوْرِ

جواب: بے شک سچائی نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور جھوٹ نافرمانی کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org
pakcity.org


Please visit for more data at: www.pakcity.org